AQF / Shabbir

30-09-2023

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

☆ وزیراعظم نریندر مودی آج تلنگانہ میں 13 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کرینگے۔

☆ وزیراعظم مودی نے کہا ہے کہ سووچھ بھارت، سب کی ایک اجتماعی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے عوام سے ملک کے روشن مستقبل کیلئے آج صبح 10 بجے صفائی ستھرائی کیلئے ایک گھنٹہ وقف کرنے کو کہا ہے۔

☆ بھارت نے اسکاٹ لینڈ کے Glasgow میں غیر مقامی انتہا پسند عناصر کی جانب سے گردوارہ میں اس کے سفارتکار کو داخل ہونے سے روکنے کے واقعے کی مذمت کی ہے۔

☆ آج کونکن اور گوا میں شدید سے بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

☆ تمل ناڈو میں Coonoor میں ایک بس حادثے میں 8 افراد ہلاک اور 42 زخمی ہوگئے۔

☆ اور : Hangzhou ایشیائی کھیلوں میں آج سہ پہر بھارت سونے کے تمغے کیلئے چین سے مقابلہ کرے گا۔ بھارت اب تک سونے کے 10 تمغوں سمیت کُل 38 تمغے جیت چکا ہے اور اس کا چوتھا مقام ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-VISIT TELANGANA

وزیراعظم نریندر مودی آج سہ پہر تلنگانہ میں محبوب نگر کا دورہ کریں گے، جہاں وہ بہت سے ترقیاتی پروجیکٹوں کو قوم کے نام وقف کریں گے اور 13 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کچھ دیگر پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ ان پروجیکٹوں کا تعلق سڑک، ریل کے بنیادی ڈھانچے، تعلیم، صحت، توانائی اور بجلی سے ہے۔ وزیراعظم حیدرآباد ہوتے ہوئے آج سہ پہر محبوب نگر پہنچیں گے۔ وہ 505 کروڑ روپے کی لاگت سے Munirabad-محبوب نگر سیکشن پر تیار کئے گئے Jakler-کرشنا کے درمیان نئی ریلوے لائن قوم کے نام وقف کریں گے اور 2 ہزار 457 کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کئے گئے سوریہ

پیٹ-کھمم کے درمیان چار لین والی شاہراہ اور Kachiguda-رائچور - Kachiguda ڈیمو ٹرین کا افتتاح کریں گے۔ وہ 6 ہزار 400 کروڑ روپے مالیت کے کئی دیگر سڑک پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔

ہمارے نامہ نگار نے دیگر پروجیکٹوں کی تفصیلات فراہم کی ہیں، جو وزیراعظم محبوب نگر میں شروع کرنے جارہے ہیں۔

**V-C Lakshmi**

*منیرآباد-محبوب نگر سیکشن پر نئی ریلوے لائن، حیدرآباد اور گوا کے درمیان 100 کلو میٹر سے زیادہ فاصلے کو کم کردے گی۔ وزیراعظم نریندر مودی 2 ہزار 661 کروڑ روپے کی لاگت سے HPCL کے ذریعہ تیار کردہ Hassan-چیراپلّی، LPG پائپ لائن بھی قوم کے نام وقف کریں گے، اس سے 37 لاکھ سے زیادہ صارفین LPG گیس حاصل کرسکیں گے۔ آندھرا پردیش اور حیدرآباد میں کرشنا پٹنم کے درمیان ملٹی پروڈکٹ پائپ لائن کی تعمیر کیلئے بھی سنگ بنیاد رکھا جائے گا۔ اس پروجیکٹ کیلئے ایک ہزار 932 کروڑ روپے خرچ ہونے کا تخمینہ ہے، جو ڈیزل، پٹرول، مٹی کا تیل اور جیٹ فیول کی آسانی سے نقل وحمل میں مدد گار ثابت ہوگا۔ وزیراعظم حیدرآباد میں سینٹرل یونیورسٹی میں 81 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کی گئی چار عمارتوں کا ورچوئل طور پر افتتاح کریں گے۔ وہ شام میں محبوب نگر میں ایک عوامی جلسے سے بھی خطاب کریں گے۔*

*حیدرآباد سے خبرنامے کیلئے لکشمی کی رپورٹ کے ساتھ میں......*

وزیراعظم منگل کو تلنگانہ میں نظام آباد کا دورہ کریں گے۔ وہ 8 ہزار 21 کروڑ روپے مالیت کے کچھ دیگر پروجیکٹوں کا افتتاح اور انہیں قوم کے نام وقف کریں گے۔ ایک عوامی جلسے سے خطاب کرنے کے علاوہ وہ راما گُنڈم میں 6 ہزار کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کئے گئے جدید نوعیت کے NTPC 800 میگاواٹ کے بجلی کے پلانٹ کو قوم کے نام وقف کریں گے۔ اس میں 85 فیصد بجلی پیدا کی جائے گی، جسے تلنگانہ میں استعمال کیا جائے گا۔ یہ پروجیکٹ نارتھ-ساؤتھ گرڈ کنکٹی وٹی کے ساتھ روزگار کے براہ راست اور بالواسط مواقع پیدا کرے گا۔×

## PM-SWACHHATA

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ سووچھ بھارت، سب کی ایک اجتماعی ذمہ داری ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے ہر ایک سے اپیل کی کہ وہ ملک کیلئے ایک روشن مستقبل کیلئے آج صبح 10 صفائی ستھرائی کیلئے ایک گھنٹہ وقف کریں۔ جناب مودی نے کہا کہ سووچھ بھارت سبھی کی ایک یکساں ذمہ داری ہے اور ہر کوشش معنی رکھتی ہے۔

وزیراعظم نے آکاشوانی پر پچھلے مہینے 'من کی بات' کے پروگرام میں بھی عوام سے اپیل کی تھی کہ وہ صفائی ستھرائی کی مہم میں شرکت کریں۔ انہوں نے کہا کہ صفائی ستھرائی کی یہ Karyanjali اپنے آپ میں مہاتما گاندھی کو ایک حقیقی خراج

عقیدت ہوگا۔ **Byte: PM MKB 1 October**

وزیراعظم کی پرزور اپیل پر ملک بھر کے لوگ صفائی ستھرائی کی بڑی مہم میں حصہ لیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Anand**

*وزیراعظم کی ایک تحریک- ایک گھنٹہ- ایک ساتھ کی پرزور اپیل ایک صاف ستھرے بھارت کیلیے دنیا کی سب سے بڑی رضاکارانہ کوشش ثابت ہوسکتی ہے۔ چھ لاکھ 40 ہزار سے زیادہ مقامات کو صفائی ستھرائی کی اس بڑی مہم کے تحت شہری اور دیہی بھارت کے شرمدان کیلیے اپنایا گیا ہے۔ زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے شہری مارکیٹ کی جگہوں، ریلوے پٹریوں، آبی ذخائر، سیاحتی مقامات، عبادت گاہوں اور دیگر علاقوں، جیسے عوامی مقامات پر صفائی ستھرائی کی سرگرمیوں میں حصہ لیں گے۔ ریزیڈینٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن کی ایک بہت بڑی تعداد بھی تقریباً ایک لاکھ رہائشی علاقوں میں شرمدان کیلیے رضاکاروں کے واسطے آگے آئی ہے۔ گاؤں کے مختلف طبقے بھی پورے ملک میں 35 ہزار آنگن واڑی سینٹروں کو اپنانے کیلیے آگے آئے ہیں۔ اس منفرد پہل میں بھارتی بحریہ، فوج اور فضائیہ کا عملہ بھی مختلف مقامات کو صاف ستھرا کرنے کیلیے شہریوں کے ساتھ مل کر حصہ لے گا۔*

*خبرنامے کیلیے نئی دلّی سے آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ میں......*

مکانات اور شہری امور اور پیٹرولیم و قدرتی گیس کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا ہے کہ صفائی ستھرائی کی اس بڑی مہم کیلیے آج صبح 7 لاکھ سے زیادہ تقریبات ہونے کی توقع ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ صفائی ستھرائی کی مہم کیلئے وزیراعظم کی اپیل کا زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے عوام کی طرف سے مجموعی طور پر اچھا ردعمل حاصل ہورہا ہے۔ سووچھ بھارت مشن کے سنگ میل کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ 4 ہزار 800 سے زیادہ شہری مقامی ادارے سوفیصد کھلے میں رفع حاجت سے پاک ہیں۔ اس خصوصی نشریئے کو آج رات سوا نو بجے آکاشوانی کی FM گولڈ کی 100 اعشاریہ ایک اور اضافی فری کوئنسیوں پر سنا جاسکتا ہے۔×

**GUJRAT SHARMDAN**

صفائی ستھرائی کیلئے 'ایک تحریک، ایک گھنٹہ، ایک ساتھ' پہل کے حصے کے طور پر گجرات کے تمام ضلعوں میں مختلف شرمدان سرگرمیوں کا انعقاد کیا جائے گا۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ احمدآباد میں **Ranip** میں شرمدان میں حصہ لیں گے، جبکہ وزیراعلیٰ بھوپیندر پٹیل احمدآباد میں اپنے اسمبلی حلقے **Ghatlodia** میں صفائی ستھرائی مہم میں شامل ہوں گے۔

مختلف عوامی نمائندے، نیز وزراء، ریاستی قانون ساز اسمبلی کے ارکان بھی ریاست بھر میں مختلف مقامات پر ایک گھنٹے کیلئے شرمدان سرگرمیوں میں شرکت کریں گے۔×

**MAHA CLEANLINESS DRIVE**

مہاراشٹر میں مختلف مقامات پر مختلف تنظیمیں اور عام لوگ صفائی ستھرائی مہم میں حصہ لے رہی ہیں۔ یہ لوگ عبادت کے مقامات، نجی اور سرکاری دفتروں، اسکولوں، کالجوں، اسپتالوں، بس Stands اور ریلوے اسٹیشنوں پر صفائی کے عمل میں حصہ لیں گے۔ پیش ہے ایک رپورٹ۔

**V/C-Jeevan Bhawasar**

*مہاراشٹر میں تقریباً 96 لاکھ عام لوگوں نے مختلف ضلعوں میں منعقد کی گئی 19 ہزار صفائی ستھرائی مہموں میں حصہ لیا۔ ریاستی سرکار کے صفائی ستھرائی کے وزیر گلاب راؤ پاٹل نے بتایا کہ 'ایک تاریخ -ایک گھنٹہ- ایک ساتھ' پروگرام ریاست کے دیہی علاقوں میں 56 ہزار سے زائد مقامات پر منعقد کیا جارہا ہے۔*

*ممبئی سے ہمارے نامہ نگار جیون بھاؤسار کی رپورٹ کے ساتھ آکاشوانی اردو خبروں کیلئے میں ضمیر احمد رضوی*

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**INDIA GLASGOW INCIDENT**

بھارت نے اسکاٹ لینڈ کے گلاسگو میں پیش آئے اس واقعے کی مذمت کی ہے جس میں برطانیہ میں بھارت کے ہائی کمشنر دورائی سوامی کو غیر مقامی انتہا پسند عناصر کی جانب سے ایک پہلے سے طے شدہ تقریب کے لیے گردوارہ میں داخل ہونے سے روک دیا گیا۔ ہائی کمیشن نے جمعے کے روز کہا کہ تین افراد نے جو سبھی گلاسگو کے باہر سے تھے، نے جان بوجھ کر گردوارہ کمیٹی، ہائی کمشنر اور بھارت کے قونصل جنرل کی جانب سے منعقدہ تقریب میں رکاوٹ ڈالی۔ یہ تقریب کمیونٹی اور کاؤنسلر معاملات پر تبادلہ خیال کے لیے منعقد کی گئی تھی۔ انعقاد کرنے والوں کو ان عناصر کی جانب سے دھمکایا گیا۔ کسی ناخوشگوار واقعے سے بچنے کے لیے ہائی کمشنر اور بھارت کے قونصل جنرل نے آمد کے کچھ دیر بعد ہی جائے مقام سے روانہ ہونے کا فیصلہ کیا۔

ہائی کمیشن نے مزید کہا کہ اس نے اس واقعے کو فارین، کامن ویلتھ اور ڈیولپمنٹ آفس (FCDO) اور میٹرو پولٹن پولس کو رپورٹ کیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ متعدد کمیونٹی تنظیموں بشمول سینئر کمیونٹی رہنماؤں، اراکین اور اسکاٹش پارلیمنٹ کے ممبران نے باضابطہ طور پر اس واقعے پر افسوس کا اظہار کیا ہے اور حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ذمہ دار افراد کے خلاف کارروائی کریں۔

**IMD-GOA KONKAN**

بھارت کے محکمہ موسمیات نے آج کونکن اور گوا کیلئے ریڈ اِلرٹ جاری کیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے جنوبی کونکن میں کچھ مقامات پر شدید سے بہت شدید بارش اور کچھ مقات پر ہلکی سے معتدل بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ ساتھ ہی ساتھ شمالی کونکن کے دور دراز کے علاقوں میں بہت سے مقامات پر معتدل بارش کے ساتھ شدید بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ گوا کیلئے محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ بہت سے مقامات پر ہلکی سے معتدل بارش اور دور دراز کے علاقوں میں شدید سے بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے اگلے 48 گھنٹے کیلئے مہاراشٹر کے سندھو دُرگ ضلع کیلئے بارش کا ریڈ اِلرٹ جاری کیا ہے۔

**ARMY 33 RAISING DAY**

فوجی تربیتی کمان آرمی ٹریننگ کمانڈ آج اپنا 33 واں یوم تاسیس منا رہی ہے۔ جنرل آفیسر کمانڈنگ ان چیف ARTRAC لیفٹننٹ جنرل ایس ایسMahal نے اس موقع پر کمان کے سبھی درجات و ان کے کنبوں اور شہریوں کو مبارکباد دی ہے۔ مدھیہ پردیش میں یکم اکتوبر 1991 کو تشکیل دی گئی۔ کمان کو مارچ 1993 میں اسکے موجودہ مقام شملہ میں منتقل کیا گیا تھا۔ فوجی تربیتی کمان بھارتی فوج کے تمام پہلوؤں کو امن اور جنگ کی صورت میں اسکا رول ادا کرنے میں تعاون دیتی ہے اس کے علاوہ یہ موجودہ وقت یا مستقبل میں جنگ کے لائح عمل اور نقطۂ نظر وضع کرنے کی ذمہ داری بھی سنبھالتی ہے۔

**NILGRIS TOURST BUS ACCIDENT**

تمل ناڈو میں کل ایک بس جس پر 60 سیاح سوار تھے، کونور نیلگریس میں کھائی میں گرنے کے حادثے میں آٹھ افراد ہلاک اور 42 زخمی ہوگئے۔ بس Tenkasi سے 60 مسافروں کے ساتھ اوٹی سے واپس آ رہی تھی، جب یہ حادثہ پیش آیا۔ زخمیوں کو اوٹی اور کوئمبٹور کے اسپتالوں میں داخل کرایا گیا ہے۔ حادثے کی وجہ بریک فیل ہونے کو بتایا جا رہا ہے۔x

**MALDIVES ELEC RESULT**

مالدیپ میں اپوزیشن PPM-PNC کے رہنما ڈاکٹر محمد معیزو نے صدارتی انتخابات میں جیت حاصل کرلی ہے۔ عارضی نتائج کے مطابق ڈاکٹر Muizzu کو 53 فیصد سے زائد ووٹ حاصل ہوئے ہیں۔ قانون کے مطابق جیت حاصل کرنے کے لیے امیدوار کے لیے کم سے کم 50 فیصد ووٹ حاصل کرنا لازمی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C Dr Farooqui**

*جزیرۂ نما ملک مالدیپ میں مختلف میڈیا چینلوں کے ذریعے کل صدارتی انتخاب کے عارضی نتائج کے مطابق ڈاکٹر Muizzu کو ووٹنگ میں اکثریت حاصل ہوئی ہے۔ حکمراں MDP کے محمد صالح کو*

پہلے دورمیں 46 فیصد ووٹ حاصل ہوئے لیکن وہ درکار 50 فیصد ووٹ حاصل کرنے میں ناکام رہے۔
منتخب شدہ صدر نے X پر ان تمام لوگوں کا شکریہ ادا کیا جنھوں نے ان کے حق میں ووٹ دیا۔ اور
بدعنوانی کے الزامات میں 11 برس کی سزا کاٹ رہے عبد اللہ یامین کو رہا کیے جانے پر زور دیا۔ جناب
صالح نے بھی ڈاکٹر Muizzu کا شکریہ ادا کیا اور انتخابات میں ایک جمہوری مثال قائم کرنے پر
مالدیپ کے لوگوں کا شکریہ ادا کیا۔
ڈاکٹر احمد معین فاروقی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں............

**IMP MONSOON**

ملک میں اس سال جون سے لے کر ستمبر تک مانسون کا سلسلہ تقریباً نارمل بارش کے ساتھ ختم ہوگیا ہے۔ بھارتی محکمہ موسمیات کے مطابق EL NINO کے اثر کے باوجود مانسون کی بارش نارمل رہی۔ محکمہ کے مطابق ملک میں مانسون کے دوران 94 اعشاریہ 4 فی صد بارش ریکارڈ کی گئی۔

**ASIAN GAMES**

چین کے Hangzhou شہر میں جاری ایشین کھیلوں میں، آج سہ پہر سونے کے تمغے کے لیے بیڈمنٹ میں بھارت چین کا مقابلہ کرے گا۔ جبکہ بھارت مجموعی طور پر 38 تمغے حاصل کر چکا ہے، جن میں سونے کے10، چاندی کے 14 اور کانسے کے 14 تمغے شامل ہیں۔ اس طرح بھارت فی الحال چوتھے مقام پر ہے۔

**J&K TERRORIST**

کشمیر وادی میں کل کپواڑا ضلعے کے مچھل سیکٹر کے Kumkadi علاقے میں پولس اور فوج کی جانب سے ایک مشترکہ کارروائی کے ذریعے دراندازی کی کوشش کو ناکام بنا دیا گیا۔ تیزی سے نیز درست تال میل کے ساتھ کی گئی اس کارروائی میں سیکیورٹی فورسز نے دو دہشت گردوں کو مار گرایا۔

**KARNATKA ADITYA LI**

بھارت کا شمسی مشن آدتیہ LI کرہ ارض سے 9 اعشاریہ 2 کلومیٹر سے زیادہ فاصلہ طے کرکے کرہ ارض کے اثر کے دائرے سے کامیابی کے ساتھ باہر نکل گیا ہے اور اب Lag range پوائنٹ LI کی طرف اپنے راستے پر گامزن ہے۔جو زمین سے 15 لاکھ کلومیٹر دور ہے۔

اسرو نے مائکرو بلاگنگ سائٹX پر اپنی پوسٹ میں جانکاری دی کہ خلائی طیارہ اب بڑی تیزی کے ساتھ سورج۔زمین LI پوائنٹ پر پہنچ جائے گا۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ضمیر الدین رضوی

شکریہ - شبانہ بیگم

راجدھانی دلی سے آج شائع ہوئے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا نے وزیراعظم نریندر مودی کے ذریعے Aspirational Blocks کے لیے سنکلپ سپتاہ پروگرام کے آغاز کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ روزنامہ اخبار مشرق نے لکھا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی چار ریاستوں کے اسمبلی انتخابات کے لیے انتخابی مہم پر ہیں۔ اخبار نے لکھا ہے کہ وزیراعظم مدھیہ پردیش، راجستھان، تلنگانہ اور چھتیس گڑھ میں انتخابی جلسے کریں گے۔

روزنامہ ملاپ نے مرکزی وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے اس بیان کو شہ سرخی بنایا ہے جس میں انھوں نے کینیڈا پر دہشت گردوں کے لیے نرم گوشہ رکھنے کا الزام لگایا ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ کینیڈا نے سیاسی مجبوری کے لیے انتہا پسندوں کو کھلی چھوٹ دے رکھی ہے۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے نائب صدر جگدیپ دھنکڑ کے اس بیان کو اندرونی صفحات پر جگہ دی ہے جس میں انھوں نے کہا کہ ملک کا مستقبل نوجوانوں کے تعاون اور بیداری پر منحصر ہے۔ نائب صدر نے بھارت کی ثقافتی اقدار کا احترام کرنے کی اپیل کی۔

روزنامہ پرتاپ نے دو ہزار کے کرنسی نوٹ بدلنے کی مدت میں 7 اکتوبر تک کی گئی توسیع کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ بھارتی ریزروبینک نے اس بارے میں سرکلر جاری کیا ہے۔ روزنامہ انقلاب نے ایشیائی کھیلوں میں بھارتی کھلاڑیوں کی جانب سے اسکویش اور ٹینس میں سونے کے تمغے جیتنے کی خبر کو کھیلوں کے صفحے کی شہ سرخی بنایا ہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

- ☆ وزیراعظم نریندر مودی آج تلنگانہ میں 13 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کرینگے۔
- ☆ وزیراعظم مودی نے کہا ہے کہ سووچھ بھارت، سب کی ایک اجتماعی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے عوام سے ملک کے روشن مستقبل کیلئے آج صبح 10 بجے صفائی ستھرائی کیلئے ایک گھنٹہ وقف کرنے کو کہا ہے۔

☆ بھارت نے اسکاٹ لینڈ کے **Glasgow** میں غیر مقامی انتہا پسند عناصر کی جانب سے گردوارہ میں اس کے سفارتکار کو داخل ہونے سے روکنے واقعے کی مذمت کی ہے۔

☆ آج کونکن اور گوا میں شدید سے بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

☆ تمل ناڈو میں **Coonoor** میں ایک بس حادثے میں **8** افراد ہلاک اور **42** زخمی ہوگئے۔

☆ اور : **Hangzhou** ایشیائی کھیلوں میں آج سہ پہر بھارت سونے کے تمغے کیلئے چین سے مقابلہ کرے گا۔ بھارت اب تک سونے کے **10** تمغوں سمیت کُل **38** تمغے جیت چکا ہے اور اس کا چوتھا مقام ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---